Zarai Taraqiati Bank Ltd.

Public Relations & Media Services Department

Head Office, P.O Box No.1400, Islamabad

Tel.9252681, Fax:9252682

پریس ریلیز

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) کے لئے کریڈٹ ریٹنگ +AAA/A-1 کا اعزاز برقرار

اسلام آباد: 27جون 2019

وی آئی ایس کریڈٹ ریٹنگ کمپنی (VIS) نے زرعی ترقیاتی بینک کی مستحکم اور معیاری قرضہ جات کی فراہمی کی بنیاد پر کریڈٹ ریٹنگ +AAA / A-1 کی توثیق کردی ہے۔زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) کاشتکار خاص طور پر کم رقبے والے کاشتکاروں کے معیار زندگی کی ترقی کے لئے سازگار اور مفید مواقع فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے اور اس امر کا واضح ثبوت یہ ہے کہ زرعی قرضہ جات کی فراہمی کے کل 442 بلین روپے کے مختص حصہ میں سے دسمبر 2018 تک زرعی بینک کا حصہ 160 بلین روپے رہا ہے جو کل زرعی کریڈٹ مارکیٹ کا 36.2 فیصد بنتا ہے **شیخ امان اللہ**، قائمقام صدر زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ کی قیادت میں موجودہ انتظامیہ کے بینک کے 57 سالہ بزنس ماڈل کی تبدیلی سے بینک کی کارکردگی پر مثبت اثرات ظاہر ہوئے ہیں۔ بینک نے اسلامی بینکنگ کا آغاز کردیا ہے جو بینک کے بزنس میں تیز تر اضافہ کے لئے ایک نیا تصور ہے جس کا مرکز ومحور کھیتی باڑی کرنیوالے کمزور طبقے کی معاشی فلاح و بہبود اور منافع بخش فارمنگ کی پالیسی کا تحفظ کرنا ہے۔زرعی ترقیاتی بینک اسلامی بینکنگ کے تحت ملک کی دیہاتی آبادی کو ثقافت سے ہم آہنگ بینکنگ اور فنانسنگ کی پیشکش کر رہا ہے زرعی ترقیاتی بینک کی موجودہ انتظامیہ نظر انداز کئے گئے دیہی طبقہ کو موجودہ حکومت کی قومی مالیاتی شراکت کی حکمت عملی کے تحت بزنس میں اضافہ اور آسانیاں مہیا کرنے کیلئے معین طریق کار کے علاوہ دیگر عوامل بھی بروئے کار لا رہی ہے جنوری سے مئی کے دوران 40 نئے ATM کی تنصیب سے دیہی آبادی کو بینکنگ کی سہولت پورے ہفتے کے دوران 24 گھنٹے دستیاب ہوگی جبکہ بینک اس سال کے دوران 200 ATMs نصب کرنے کے منصوبہ پر عمل پیرا ہے۔ بینک نے 24 گھنٹے ATM کی سہولت کی فراہمی کے ساتھ ساتھ سروس کا معیار بھی بہتر کردیا ہے اعلیٰ معیار کی غرض سے بینک حکومت پنجاب کے اشتراک سے ای کریڈٹ سکیم کے ذریعے چھوٹے کاشتکاروں کے لئے بلاسود سکیم کو کامیاب بنانے اور وسعت دینے میں کوشاں ہے تاکہ دیہی آبادی کے دور دراز علاقوں کے کسان بھی اس سکیم سے مستفید ہو سکیں۔اس سکیم کے تحت بینک 12.49 بلین روپے سے ایک لاکھ کسانوں کیلئے خدمات بہم پہنچا رہا ہے۔

زرعی ترقیاتی بینک قرضہ جات کی فراہمی میں اضافہ کرنے میں مصروف ہے اور اس سلسلہ میں مزید قرضہ جاتی پیداواری سکیمیں متعارف کرانے جا رہا ہے جیسا کہ ملک چیلنگ یونٹس، سویابین، سورج مکھی اور رائی کے پودے وغیرہ کی پیداوار۔

زرعی ترقیاتی بینک بیرون ملک پاکستانیوں کے لئے سہولیات کی فراہمی کے لئے اپنے وطن میں ترسیلات زر کی خدمات بھی انجام دے رہا ہے جس میں اسے ویسٹرن یونین اور بینک آف پنجاب کا تعاون حاصل ہے زرعی ترقیاتی بینک نے زرعی قرضے دینے کیلئے نہایت معیاری انداز اپنایا ہے جس کی بنیاد پر موجودہ انتظامیہ کی زیر قیادت بینک ترقی کی منازل طے کر رہا ہے۔

(سعد ضیاء)

انچارج (تعلقات عامہ)

فون نمبر 051-9252681-2